عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعہ 30 اکتوبر 2026ء/ 18 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 212

ریاست مخالف باتوں کے بعد مولانا فضل الرحمان کی کوئی عزت نہیں رہی، محسن نقوی

میرے اوپر اعتراض کیا کہ میں کیوں گیا تھا تو وہ دفاعی معاہدہ نہیں تھا، ایران کا جو دورہ تھا وہ کسی صورت دفاعی معاہدے کے لیے نہیں تھا

مولانا نے کہا میں ریاست پر تھوکتا ہوں، مال ملے تو ریاست ان کی ماں ہے اور نہ ملے تو ریاست پر تھوک دو، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ میں مولانا فضل الرحمان کی بہت عزت کرتا تھا، ریاست مخالف باتیں کرنے کے بعد میرے دل میں ان کی کوئی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی۔ سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پچھلے کچھ عرصے سے میرے خلاف مہم چل رہی رہی، کہا گیا کہ ہم ایران کوئی دفاعی معاہدہ کرنے گئے تھے، ہم دفاعی معاہدہ کرنے نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

صوبے کی تاریخ کی پہلی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 18 نومبر کو ہوگی

ایگزیکٹو بورڈ کا مقصد نوجوانوں کو روزگار کے متلاشی کے بجائے فراہم کرنے والا بنانا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مقامی مصنوعات کو قومی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن قابلِ تحسین ہے، بابر یوسفزئی

بلوچستان میں قیامِ امن اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل قدر ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کیے گئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں قیامِ امن (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

قرضوں پر سود دفاعی و ترقیاتی بجٹ سے بھی زیادہ ہوگیا

قرضوں کی بڑھتی ادائیگیوں کا بوجھ ملکی مالیاتی نظام کیلئے سنگین خطرہ ہے. رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) قرضوں پر سود دفاعی و ترقیاتی بجٹ سے بھی زیادہ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

فیلڈ مارشل خطے میں امن کیلئے سرگرم ہیں، خواجہ آصف

مجھے طعنہ دیتے ہیں کچھ شرم کرو، حیا کرو، آپ بھی تو کچھ شرم کریں، حیا کریں، آپ کون سا آبِ زم زم سے دھلے ہیں

یہاں کسی پارٹی نے مذہب کو کمائی کا ذریعہ نہیں بنایا، انہوں نے مذہب کے نام پر کمائیاں کی ہوئی ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر خطے میں صلح اور بات چیت کیلئے تہران گئے، ایران میں میری موجودگی ضروری نہ تھی، وہاں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا ہو، مولانا فضل الرحمان جب مجھے شرم کرنے کا کہتے ہیں تو خود بھی سوچ لیا (باقی صفحہ 2 نمبر 7)



بیجنگ: چیئرمین پرائم منسٹرز تھنک ٹینک پروگرام رانا مشہود ہیلتھ اینڈ روڈ انیشیٹو انٹرنیشنل انڈسٹریل۔ ایجوکیشنل کوآپریشن فورم ایسٹ CACIE میں شریک ہیں

عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیاء کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، عزیز کاکڑ

چمن انتظامیہ کی جانب سے بازاروں میں اشیائے خوردونوش کے نرخوں اور معیار کی جانچ پڑتال

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن کی جانب سے عوام کو معیاری اشیائے خوردونوش کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر سٹی چمن عزیز اللہ خان کاکڑ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

تعلیم پر سرمایہ کاری دراصل پورے خطے کی خوشحالی پر سرمایہ کاری ہے، گورنر

ژوب ڈویژن کو 'ہب آف ماڈرن ایجوکیشن' بنانا میرا خواب ہے، تعلیم تک آسان اور سستی رسائی فراہم کر کے نوجوانوں کی ترقی کے نئے راستے کھول رہے ہیں

تعلیم تک رسائی آسان اور سستا بنانے سے نوجوانوں کیلئے ترقی کے نئے دروازے کھلتے ہیں، ژوب میں جلد ایک جدید، مکمل یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ الحمدللہ! آج ہمارے لیے دو بڑی خوشخبر یاں باعثِ مسرت و افتخار ہیں۔ پہلی خوشخبری یہ ہے کہ پاکستان بھر میں سخت مقابلہ کے نتیجے میں یوٹمر یونیورسٹی ژوب کیمپس کے دو ہونہار طلبہ ثناء اللہ اور محمد اخلاص نے کمپیوٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

بلوچستان ہائیکورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پانی کی عدم فراہمی پر ہائی کورٹ سخت تشویش کا شکار

متعلقہ حکام کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس، متعلقہ حکام کو ذاتی طور پر پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف پاکستانی ہوائی اڈوں پر خدمات کی بہتری کے حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں کے مطابق ڈھالا جائے، وزیر اعظم

وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس، لاہور، کراچی ایئر پورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری، ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک کے بڑے ہوائی اڈوں پر مسافروں کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کرنے کے لئے لاہور اور کراچی ایئر پورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کئے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، انہوں نے مسافروں کی سہولت کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہوائی اڈوں پر خدمات کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور متعلقہ اداروں کے درمیان روابط بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم کی زیر صدارت جمعرات کو اسلام آباد میں ملک کے بڑے شہروں کے ہوائی اڈوں کی توسیع اور مسافروں کو بہترین سفری سہولیات کی فراہمی سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بڑے ہوائی اڈوں پر سفری سہولیات کے معیار کا جائزہ لینے کے لئے ایک بین الاقوامی فرم کے ذریعے حال ہی میں مکمل کئے گئے سروے پر بریفنگ دی گئی جبکہ کراچی اور لاہور ایئر پورٹس کے توسیعی منصوبوں اور ملک بھر میں سول ایوی ایشن اتھارٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

آپ فرعون سے طاقتور نہیں، وہ بھی ہار گیا تھا، ملک ایسے نہیں چل سکتا، محمود اچکزئی

فقط چیخ و پکار اور گالیاں دینے سے کچھ نہیں ہوگا آپ بتائیں ایران میں کیا ہو رہا ہے، ہمیں اعتماد میں لیں، چیئرمین پشتونخوا میپ خواجہ آصف، پیپلز پارٹی سمیت آپ سب سن رہے ہیں اس ایوان کو اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (جی این ایم) اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ آپ سے جب بات کرتے ہیں آپ گالیاں دینا شروع ہو جاتے ہیں، حنیف عباسی کعبہ شریف گئے ہیں بتائیں کتنے پیسے دیئے ووٹ کیلئے؟ میں نے مطالبہ کیا تھا کہ اس حکومت میں کتنی کرپشن ہوئی ایک کمیٹی بنائیں (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

مستعفی ہونے والے جسٹس محسن اختر کیانی کا نان و نفقہ سے متعلق اہم فیصلہ جاری

لاہور ہائیکورٹ کا کمسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ مقرر کرنے کا حکم

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے کمسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ مقرر کرنے کا حکم دیدیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے مستعفی ہونے والے جسٹس محسن اختر کیانی نے کمسن بچوں کے ماہانہ خرچ سے متعلق خاتون کی درخواست پر فیصلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ایران کی پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز پر امریکی ایم کیو ون ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

امریکا کی امن مذاکرات بحال کرنے کی کوشش، جے ڈی وینس کا ایرانی عہدیدار کو خط

تہران، واشنگٹن (جی این ایم) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں امریکی ایم کیو ون (MQ-1) ڈرون کو روک کر تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی ارنا کے مطابق ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی ویب سائٹ پر جمعرات کو جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈرون کو فورس کے ایرو اسپیس ڈویژن نے ایران کے مربوط فضائی دفاعی نیٹ ورک (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

امریکا اور اسرائیل ایران پر بڑے حملوں کی تیاری کر رہے ہیں، امریکی میڈیا

ایران پر نئے حملوں کی حکمتِ عملی پر اسرائیلی آرمی چیف کا امریکی کمانڈر سے رابطہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا و اسرائیل معاہدہ نہ ہونے پر ایران پر ایک ہفتہ طویل فوجی کارروائی کر سکتے ہیں۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی کی تیاریوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جن کے مطابق وسط مدتی انتخابات کے بعد بھی معاہدہ نہ ہونے کی صورت (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پی ٹی اے کا غیر فعال اور منسوخ سمز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے غیر فعال اور منسوخ شدہ موبائل سمز سے منسلک (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دینے کیلئے تیار ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (جی این ایم) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا موقع دینے کے لئے تیار ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



اسلام آباد: پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح حامی القحمی وفاقی وزیر برائے خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت میر بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی کا دورہ

لسبیلہ میں ایک ہفتے کے اندر ڈائیلیسز سینٹر قائم اور سول اسپتال اوتھل کو دو ایمبولینسیں فراہم کی جائیں گی، وزیر صحت کا اعلان

اوتھل (رپورٹ: عزیز یوسفزئی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان میر بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمان پانیزئی نے لسبیلہ ڈویژن کے ہیڈکوارٹر اوتھل کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یونیسیف کے تعاون سے تیار کردہ صوبائی ڈرائی اسٹوریج ویئر ہاس اور 250 کلوواٹ سولر پاور سسٹم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت نے اعلان کیا کہ لسبیلہ میں ایک ہفتے کے اندر ڈائیلیسز سینٹر کا افتتاح کیا جائے گا، جبکہ سول اسپتال اوتھل کو جلد دو ایمبولینسیں بھی فراہم کی جائیں گی۔ افتتاحی تقریب میں کمشنر قلات ڈویژن سائرہ عطا، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیر ابلوچ، (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



اوتھل: صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ اوتھل میں یونیسیف کے تعاون سے تعمیر کیے گئے ویئر ہاؤس اور 250 کلوواٹ سولر سسٹم کا افتتاح کر رہے ہیں

ٹریژری بلوں کی نیلامی سے 1913.2 ارب روپے حاصل ہوئے، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (جی این ایم) سٹیٹ بینک کے ٹریژری بلوں کی نیلامی کے ذریعے حکومت نے 1913.2 ارب روپے حاصل کر لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

سکول کے سائنس لیب میں پریکٹیکل کے دوران بیکن کا بیٹر پھٹنے سے استاد اور 10 طلبا زخمی

تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر، ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال سے ڈسچارج، مقامی انتظامیہ نے تحقیقات شروع کر دیں

دالبندین (جی این ایم) ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں واقع ایک سرکاری اسکول کی سائنس لیبارٹری میں پریکٹیکل کے دوران اچانک بیٹر پھٹنے سے شدید دھماکہ ہوا، جس کے (باقی صفحہ 2 نمبر)

دکی اور قلعہ عبداللہ میں 2 مختلف واقعات، 6 افراد جاں بحق 20 زخمی

دکی، باراتیوں کی پک اپ الٹنے سے 3 بچیاں جاں بحق، 20 افراد شدید زخمی، زخمیوں کو ہسپتال منتقل، زخمی ہونے والوں میں بھی زیادہ تعداد بچوں اور بچیوں کی ہے

قلعہ عبداللہ، توت اڈہ کی حدود میں فائرنگ سے 3 افراد موقع پر جاں بحق ہوئے لاشیں ٹراما سینٹر میزئی اڈہ منتقل، ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے

دکی (جی این ایم) ضلع دکی کے علاقے رباط میں باراتیوں کو لے جانے والی پک اپ گاڑی حادثے کا شکار ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں 3 بچیاں موقع پر ہی جاں بحق جبکہ بچوں اور خواتین سمیت 20 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والی تینوں معصوم بچیاں ہیں، جبکہ زخمی ہونے والوں میں بھی زیادہ تعداد بچوں اور بچیوں کی ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

اے آئی پالیسی پر عمل درآمد میں تاخیر، ڈیٹا سینٹرز تاحال قائم نہ ہو سکے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) پالیسی کابینہ سے منظوری کے باوجود تاحال عملی مرحلے میں داخل نہیں ہو سکی، جبکہ پالیسی کے تحت اے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)



اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر و چیئرمین پشتونخوا میپ محمود خان اچکزئی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

کوئٹہ میں گیس پریشر غائب، سردی میں شہری پریشان، بھاری بلوں نے مشکلات بڑھا دیں

کوئٹہ شہر کے گردونواح میں گیس کی فراہمی متاثر، گیس انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالات

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس پریشر نہ ہونے کے باعث شہریوں کو سردی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جیل روڈ، ہدہ اور ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے، جس کے باعث گھریلو صارفین کو روزمرہ امور کی انجام دہی میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے گیس کمپنی کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاکھوں روپے تنخواہیں لینے والے افسران شہریوں کے مسائل حل کرنے کے بجائے دفاتر تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک جانب گھروں میں گیس کی فراہمی متاثر ہے تو دوسری جانب صارفین کو بھاری بل بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ شہریوں نے شکایت کی کہ گیس پریشر میں کمی کے باعث کھانا پکانے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

صدرِ کا پاک ترک تاریخی شراکت داری مزید مستحکم بنانے پر زور

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ہپاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے مابین تزویراتی تعاون کے فروغ میں بھی معاون ہوگا

پاکستان اور ترکیہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے، جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی سالگرہ پر ترک ہم منصب کے نام خط

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف زرداری نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تاریخی شراکت داری مزید مستحکم بنانے پر زور دیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی سالگرہ پر ترک صدر رجب طیب اردوان کے نام خط میں صدر زرداری نے کہا کہ ترکیہ نے ایک صدی کے دوران نمایاں پیشرفت کی ہے۔ صدرِ مملکت کا کہنا ہے کہ ترکیہ نے اداروں کو مضبوط اور اقتصادی ترقی کو فروغ دے کر علاقائی و عالمی امور میں اپنے مقام اور کردار میں اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے، دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ تاریخ، عقیدے اور اقدار پر مبنی دیرینہ روابط ہیں۔ صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ مشکل وقت میں ترک قیادت، عوام کی حمایت اور یکجہتی کے اظہار کی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

بھارتی جیلوں سے رہائی پانیوالے 12 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے

لاہور (جی این ایم) بھارتی جیلوں سے رہائی پانے والے 12 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے کر دیئے گئے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا یوٹمر یونیورسٹی ژوب کیمپس کے اسٹوڈنٹس کے ساتھ گروپ فوٹو



صحت مند قوم توانا مستقبل

پاک چین دوستی زندہ باد



وزیرِاعظم پاکستان محمد شہباز شریف

کی خصوصی ہدایات پر وفاقی دارالحکومت میں 5 سال سے غیر فعال اور بند کورونا آئیسولیشن اور انفیکشن ٹریٹمنٹ سنٹر کی صرف 4 ہفتوں میں بحالی

پاک چین دوستی ہسپتال، اسلام آباد

182 فنکشنل بیڈز پر مشتمل جدید ترین طبی سہولیات

تشکیلِ نو اور افتتاح

لاکھوں مریضوں کے لیے مفت علاج اور ادویات

خدمات

24 گھنٹے ایمرجنسی

- انٹرنل میڈیسن
- سرجری
- امراضِ اطفال
- تشخیصی سہولیات
- Adult ICU
- PICU-NICU
- High Dependency Unit

اسلام آباد، مضافاتی علاقوں، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے کم آمدنی والے مریضوں کیلئے جدید ترین طبی سہولیات سے آراستہ

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان

URAAN PAKISTAN

/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk

PID No. (I) 4000-D/26

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
بانی ایڈیٹر: محمد عمران
BID/27/353

پاکستان میں دہشت گردی ایک سنگین اور دیرینہ مسئلہ ہے جس نے بالخصوص بلوچستان اور کے پی کے وسیع متاثر کیا ہے حالیہ برسوں میں اس لہر میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس نے ریاست اور معاشرے پر گہرے منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔

سرحد پار سے خطرات پڑوسی ممالک میں عسکریت پسندوں کے ٹریننگ کیمپس اور وہاں سے دہشت گردوں کی آمد اور پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیاں ایک سنگین مسئلہ ہے

حملہ ایک تشویشناک امر ہے۔

بینیشل ایکشن پلان پر عملدرآمد کے لیے ٹھوس اقدامات جو مؤثر اور کارگر ثابت ہوں انتہائی ضروری ہیں۔

ملک میں معاشی تنزلی اور بیروزگاری کی وجہ سے بھی مشکلات کا سامنا ہے۔

ازقلم/// غلام رسول بلوچ

پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور انفوارچ پاکستان ملک کے چپے چپے کا دفاع کررہی ہیں اور دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

قوم اپنے شہداء کی تکریم کریں اور پاکستان کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈوں اور بیانیوں کو مسترد کرے۔

ہے۔ ہمارا مقصد ایک ایسا پورٹ فولیو تیار کرنا ہے جو نہ صرف ہمارے موجودہ کلائنٹس کی ضروریات کو پورا کرے بلکہ نئے مواقع بھی پیدا کرے۔ ہم اپنے کلائنٹس کو ایک جامع اور ہمہ جہت سروس فراہم کرنا چاہتے ہیں تاکہ وہ اپنے مالی اہداف کو بہتر طریقے سے حاصل کر سکیں۔

ہم اپنے کلائنٹس کو ایک ایسا پورٹ فولیو فراہم کرتے ہیں جو ان کی ضروریات کے مطابق ہو۔ ہم ان کے ساتھ مل کر ان کے مالی اہداف کا تعین کرتے ہیں اور پھر ایک ایسا منصوبہ تیار کرتے ہیں جو ان اہداف کو حاصل کرنے میں ان کی مدد کرے۔ ہم ان کے پورٹ فولیو کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے ہیں اور ضرورت کے مطابق اس میں تبدیلیاں کرتے ہیں تاکہ وہ ہمیشہ بہترین کارکردگی دکھا سکے۔

ہم اپنے کلائنٹس کو مختلف قسم کے مالی مشورے فراہم کرتے ہیں جن میں سرمایہ کاری کے مواقع، ٹیکس کی منصوبہ بندی، اور ریٹائرمنٹ کی منصوبہ بندی شامل ہیں۔ ہم ان کی مالی صورتحال کا تجزیہ کرتے ہیں اور انہیں ایسے مشورے دیتے ہیں جو ان کے مالی مقاصد کے مطابق ہوں۔ ہم ان کے ساتھ باقاعدگی سے رابطہ میں رہتے ہیں تاکہ ان کی ضروریات میں کسی بھی تبدیلی کو بروقت سمجھ سکیں اور اس کے مطابق اپنی حکمت عملی کو ڈھال سکیں۔

ہم اپنے کلائنٹس کے ساتھ ایک طویل مدتی اور پائیدار تعلق قائم کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم ان کے ساتھ ایمانداری، شفافیت اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ ان کا اعتماد حاصل کر سکیں۔ ہم ان کی مالی کامیابی کو اپنی کامیابی سمجھتے ہیں اور ان کے ساتھ مل کر ان کے خوابوں کو حقیقت بنانے کی کوشش کرتے ہ

(01)

رکھے۔ فاضل جج نے واضح کیا کہ اس معاملے کو تکنیکی نکات کے بجائے صرف اور صرف انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دیکھا جانا چاہیے۔ حکام اور دیگر سے معاملے کی مکمل رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہیرسٹر گوہر نے کہا کہ قرین انصاف تقاضا یہی ہے کہ بچے کو اس کی ماں کے حوالے کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کی دونوں بہنوں کی بھی رہائی کا مطالبہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر سیاسی گرفتاری سے متعلق ہائی کورٹ کا فیصلہ موجود ہے، جسے بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ لاکھ مارچ کرنا کوئی جرم نہیں، بانی پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کو تحفظات و مشاورت کی ضرورت ہے۔

(02)

علاقے میں ایک ایسا کامیاب اینگلی جس ہیڈ آپریشن انجام دیا ہے، جس کے نتیجے میں قبضہ ذرائع کے مطابق بولیدہ کے علاقے میں ایک ہفتے کے دوران کامیاب آپریشن کروائے ہیں۔ ڈاکٹر

پرانے ملازمین قومی ایئرلائن کا سرمایہ ہیں، ادارہ انہیں دوستانہ کردار کرے، وفاقی آئینی عدالت

قومی ایئرلائن انتظامیہ معاملے پر اپنا جامع جواب عدالت میں پیش کرے ، ہدایت

اسلام آباد(بی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے پی آئی اے کے ریٹائرڈ ملازمین کی طبی سہولیات سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے قومی ایئرلائن انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس معاملے پر اپنا جامع جواب عدالت میں پیش کرے۔ کیس کی سماعت جسٹس حسن (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

دہشتگردی کیخلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھی جائیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاست کا عزم غیر متزلزل رہے گا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ(ن ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کیچ کے علاقے تمپاز، بولیدہ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ آپریشن (باقی صفحہ 8)



کوئٹہ:صوبائی وزیر نور محمد پرکانی سے چیف ایگزیکٹو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات کر رہے ہیں

غلط چالان پر متعلقہ آفیسران کے خلاف کارروائی ہوگی ڈی ایس پی ٹریفک

ہمارے ٹریفک نفری کی بھی کمی ہے لیکن پورے کوئٹہ شہر کو کنٹرول کیا ہے

کوئٹہ (بی این ایم) ڈی ایس پی ٹریفک سجاد آغا نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ٹریفک اصلاحات کے لیے اور ان کا جدید تقاضوں کے مطابق چلانے کے لیے ڈرائیونگ بلوچستان اور(باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی جاگیر نہیں، ترقی پر پہلا حق عوام کا ہے، نصیب اللہ مری

چیئرمین مری کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کیا ہے اور اس معاملے کو قانونی طریقہ کار کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا

کوئٹہ(بی این ایم) سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ یہاں کے وسائل، ترقی اور مستقبل پر سب سے پہلا حق علاقے کے عوام کا ہے۔ میرا مقصد کسی کی ذاتی مخالفت کرنا نہیں بلکہ حقائق کو سامنے لانا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

28ویں ترمیم کا مسودہ تیار، چھوٹے صوبوں کا قیام سرفہرست ہے، عمران اسماعیل

بلاول بھٹو سے سوال ہے کیا 27ویں ترمیم پر آپ سے مشاورت ہوئی تھی؟، گنگنگو

کراچی(بی این ایم) سابق گورنر سندھ اور سینیٹر سید محمد عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ 28ویں ترمیم کا وقت قریب ہے، ترمیم کا مسودہ تیار کر لیا گیا ہے، جس میں چھوٹے صوبوں کے قیام کا معاملہ سرفہرست ہے۔ ایک انٹرویو میں عمران اسماعیل نے کہا کہ انتظامی بنیادوں پر (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

گنداؤ ڈپٹی کمشنر اسد محمد لی کچہری، طرفی مسائل کے فوری حل کے لیے احکامات جاری

عوامی شکایات پر کوئی تھجوبہ نہیں چلے گا، افسران فرائض ریاست داری سے سرانجام دیں، ڈپٹی کمشنر محمد رضمان چانل

گنداؤ(بی این ایم) عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تحصیل گنداؤ میں ڈپٹی کمشنر اسد محمد رضمان چانل کی زیر نگرانی کوئٹہ بائیر سیکنڈری اسکول گنداؤ میں (بی این ایم) عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تحصیل گنداؤ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں، مقامی عمائدین اور مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر عوام نے پینے کے صاف پانی کی عدم (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

مفتی محمود مرکز کو تجاوزات کے نوٹس میں شامل کرنا بدنیتی پر مبنی اقدام ہے، حافظ صدیق

تجاوزات کے پشاور آمش مفتی محمود مرکز کو تجاوزات کے زمرے میں شامل کرکے نوٹس جاری کرنا قابل مذمت

کوئٹہ (بی این ایم) جمعیت علماء اسلام چمن و چاغی کے رہنماء سابق صوبائی صدر جمعیت پارلیمنٹیرین حافظ صدیق عدنی نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے چیئرمین، فضل محمود مرکز کو تجاوزات کے معاملے میں نوٹس دینا بغیر بدنیتی پر مبنی اقدام نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ مفتی محمود مرکز جمعیت علماء اسلام کی پہچان اور مرکزیت کی علامت ہے جسے ایک اہم سیاسی و دینی جماعت کا مرکز ہے جسے ایک اہم سیاسی و دینی جماعت کا مرکز ہے جسے جمعیت علماء اسلام کے چیئرمین، فضل محمود مرکز کو تجاوزات کے معاملے میں نوٹس دینا بغیر بدنیتی پر مبنی اقدام نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ مفتی محمود مرکز کو تجاوزات کے زمرے میں شامل کرکے نوٹس جاری کرنا قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مفتی محمود مرکز جمعیت علماء اسلام کی پہچان اور مرکزیت کی علامت